2022年4月25日ジャング紙ラホール版1面

لاہور سمیت ملک بھر میں لوڈشیڈنگ جاری

اپریل ، 2022 25

لاہور (سپیشل رپورٹر، جنگ نیوز، مانیٹرنگ سیل) لاہور سمیت ملک بھر میں لوڈشیڈنگ جاری، شہروں 9، دیہات میں دورانیہ 12 گھنٹے تک جا پہنچا، شہری پریشان، شدید گرمی میں سحر و افطار مشکل ہو گیا۔ پنجاب کے شہری علاقوں میں آٹھ سے 9 گھنٹے اور دیہی علاقوں میں 10 سے 12 گھنٹے بجلی کی لوڈشیڈنگ جاری ہے، کراچی میں لوڈشیڈنگ سے مستثنیٰ علاقوں میں بھی چار سے چھ گھنٹے بجلی غائب رہنے لگی جبکہ کئی علاقوں میں بجلی بندش کا دورانیہ 8 سے 15 گھنٹوں تک پہنچ گیا، دوسری جانب وزارت بجلی نے لیسکو کے لئے بجلی کے کوٹہ میں کمی کردی، لیسکو نے لائن لاسز والے علاقوں میں بلا امتیاز لوڈ شیڈنگ شروع کردی، دیہی علاقوں میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کے لئے تمام گرڈ سٹیشنوں میں ہر تین گھنٹے کے بعد ایک گھنٹہ بجلی کی بندش جاری ہے، لیسکو سسٹم میں اتوار کو بجلی کی طلب 4300 میگا واٹ اور سپلائی 3980 میگا واٹ رہی جبکہ دن کے وقت بجلی کا شارٹ فال 300 میگا واٹ سے بڑھ گیا، لیسکو ترجمان نے کہا کہ سحر و افطار کے اوقات میں بلا تعطل بجلی سپلائی ہو رہی ہے، صرف ہائی لاسز علاقوں میں ضرورت کے مطابق لوڈ مینجمنٹ ہو رہی ہے۔کوئٹہ، نوابشاہ اور پشاور میں بھی بجلی کی لوڈشیڈنگ نے عوام کی پریشانی میں اضافہ کر دیا۔ حافظ آباد، بہاولپور میں بھی بجلی کی لوڈشیڈنگ کا سلسلہ جاری رہا، شہری علاقوں میں چار سے پانچ گھنٹے اور دیہاتی علاقوں میں لوڈشیڈنگ کا دورانیہ 8 سے 10 گھنٹوں تک پہنچ گیا۔